طباعت سے کتاب کی عظمت و اہمیت کو دوبالا کر دیا ہے۔

الازھار علی کتاب الآثار

تالیف ! مولانا ابوالاسعد مفتی حفیظ الرحمن مدظلہ

صفحات ۵۵۲ قیمت درج نہیں

ناشر ! دارالتصنیف دارالعلوم سعیدیہ اوگی ضلع مانسہرہ سرحد

امت مرحومہ کا سواد اعظم جس کا اندازہ دوثلث اہل اسلام سے کیا جاتا ہے فقہ میں امام اعظم کا پیرو اور مقلد ہے اور امام اعظم کے مسائل فقہ کی بنا "کتاب الآثار" کی احادیث اور روایات پر ہے جو امام محمد کی روایت سے امام اعظم کی تالیف ہے شاہ ولی اللہ محدث دہلوی نے "قرۃ العین فی تفضیل الشیخین" میں "کتاب الآثار" کو حنفیوں کی امہات کتب میں شمار کیا ہے اور تصریح کی ہے کہ مسند ابی حنیفہ و آثار محمد بنائے فقہ حنفیہ است یعنی فقہ حنفی کی بنا مسند ابی حنیفہ اور آثار محمد پر ہے امام اعظم نے اس کتاب میں آنحضرت کے آخری افعال و ہدایات کو مبنائے اول اور آثار صحابہ و تابعین کو مبنائے ثانی قرار دیا ہے۔ امام صاحب کے تتبع میں یہی طرز امام مالک نے موطا میں اختیار کیا ہے جو بقول شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی "اصل وام صحیحین است" اس اعتبار سے "کتاب الآثار" صحیحین کی "ام الام" ہوئی کتاب الآثار حدیث کی پہلی کتاب ہے جو ابواب پر مرتب ہوئی جس کے بعد احادیث کی تبویب کا رواج ہوا۔

کتاب کی اہمیت کے پیش نظر حافظ ابن حجر نے "الایثار بمعرفۃ رواۃ الآثار" "تعجیل المنفعۃ" قاسم بن قطلوبغا نے کی "رجال کتاب الآثار" "التعلیق علی کتاب الآثار" اور امام طحاوی نے اس کی مستقل شرح لکھی ہے کتابوں میں خود امام محمد کی ایک شرح کا ذکر ہوتا چلا آیا ہے شیخ ابوالفضل علی بن مراد موصلی نے شرح کتاب الآثار، اور مولانا عبدالرشید نعمانی نے اس کے رجال پر مستقل کتاب لکھی ہے حضرت مولانا مفتی مہدی حسن شاہ جہاں پوری نے بھی دو ضخیم جلدوں میں ایک مبسوط اور محققانہ شرح لکھی ہے مگر جب سے یہ کتاب وفاق المدارس کے نصاب تعلیم میں داخل ہوئی تو افادہ کے لئے ایک مبسوط، مفصل اور جامع شرح کی ضرورت تھی جو حضرت مولانا ابوالاسعد مفتی حفیظ الرحمن مدظلہ نے پوری کر دی ہے متعلقہ ضروری مباحث و مسائل کا احتوا، تدریسی انداز، سہل و سلیس اردو جلد اول میں ۱۰۳ احادیث کی مفصل شرح شرح آگئی ہے آغاز میں ۲۸۲ صفحات کا مقدمہ ایک مستقل تالیف ہے الغرض اساتذہ اور طلبہ حدیث کے لئے ایک مفید اور بہترین نافع کتاب ہے خدا کرے کہ مؤلف جلد از جلد اس کی مزید جلدیں بھی منظر عام پر لاسکیں۔

اصلاحی خطبات جلد ۵

افادات ! حضرت مولانا محمد تقی عثمانی مدظلہ

ترتیب ! حضرت مولانا محمد عبداللہ میمن

صفحات ۳۰۸ — قیمت ۹۰ روپے

ناشر ! میمن اسلامک پبلشرز ۱۸۸ ؍ لیاقت آباد کراچی نمبر ۱۹

حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی، عالم باعمل، بیسیوں کتابوں کے مصنف، دین اسلام کے مخلص داعی اور اخلاص و ارشاد اور دعوت دین کا ایک نمونہ ہیں ان کے سلسلہ اصلاحی خطبات کی پہلی چاروں جلدوں پر الحق کے صفحات میں تبصرہ آچکا ہے پانچویں جلد اسی سلسلہ وعظ و ارشاد کی مستحسن پیش رفت ہے وعظ و تقریر کا بہ ہمہ